© rasailojaraid.com

(۴) "مذہب اور امن" پر ایک عالمی کانفرنس صرف جوانوں کی منعقد کی جائے۔

(۵) ہم اس بات کی بھی پر زور سفارش کرتے ہیں کہ پرانی نسل کے لوگ نئی نسل کے لوگوں کو سمجھنے کی کوشش کریں تاکہ ان دونوں میں جو غلط فہمیاں اور ان کے باعث جو کشمکش و نزاع ہے وہ دور ہو۔ اور دونوں کا رویہ ایک دوسرے کے ساتھ ہمدردانہ اور غمگسترانہ ہو۔

(۶) یہ بڑی بڑی کانفرنسیں جو آئے دن اِدھر اُدھر ہوتی رہتی ہیں۔ نئی نسل کے لوگ ان سے تنگ آگئے ہیں۔ کیوں کہ ان کانفرنسوں میں محض مقدس تجاویز منظور کی جاتی ہیں اور آیندہ کے لئے کام کرنے کا کوئی پروگرام مرتب نہیں کیا جاتا۔ اسی بنا پر اس کانفرنس کو بھی عظیم ناکامی سے محفوظ رکھنے کے لئے ہم تجویز کرتے ہیں کہ اس کانفرنس کے مقصد کی تکمیل کے واسطے جو کام کرنے ہیں ان کے لئے فوراً ایک تسلسل کمیٹی (CONTINUATION COMMITTEE) بنا دی جائے تاکہ وہ ان کاموں کو جاری رکھیں۔ (باقی آیندہ)

مآثر و معارف:۔ مؤلفہ مولانا قاضی اطہر صاحب مبارک پوری۔ یہ مولانا کے تحقیقی ۲۵ علمی مقالوں کا مجموعہ ہے جس میں تدوینِ حدیث، علومِ حدیث کی تاریخ، کتب حدیث و فقہ کا تعارف، اسلامی علوم کا تعلیمی ارتقاء، مسلمانوں کی علمی سرگرمیاں، یورپ میں اسلامی علوم و فنون کی ترویج، اور کئی اسلامی شخصیات اور علمی کتابوں کا حال مستند طریقہ پر درج ہے۔ امید ہے کہ اہلِ علم اور عام اصحابِ ذوق اس علمی ذخیرہ سے بھرپور فائدہ اٹھائیں گے۔

بڑی تقطیع ۲۰×۲۶ سائز صفحات

قیمت بلا جلد نو روپے مجلد دس روپے

© rasailojaraid.com